Recite the Saturday ziyarah of the Prophet (s.a.w.a.)

The Prophet's Rawdah · The Prophet's Mosque · Madinah

The ziyarah of the Prophet (s.a.w.a.) appointed for Saturdays, recited at his tomb in Madinah — the day is dedicated to him. After 'inna lillahi wa inna ilayhi raji'un' the text is repeated three times, then the ziyarah continues.

13 lines · 7–9 min · alzair.app/rituals/prophets-rawdah-recite-the-saturday-ziyarah-of-the-prophet · Urdu translation

---

1

أَشْهَدُ أَنْ لَاإِلٰهَ إِلّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُهُ، وَأَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، وَأَشْهَدُ أَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسالاتِ رَبِّكَ وَ نَصَحْتَ لِأُمَّتِكَ، وَجَاهَدْتَ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ بِالْحِكْمَةِ وَالمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ،

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور آپ ہی حضرت محمدؐ بن عبد اللہ ہیں۔ اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے پیغامات الٰہی کو پہنچایا ہے اور امّت کو نصیحت کی ہے اور راہِ خدا میں حکمت اور نیک موعظہ کے ساتھ جہاد کیا ہے

2

وَأَدَّيْتَ الَّذِی عَلَيْكَ مِنَ الْحَقِّ، وَأَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِينَ، وَغَلَظْتَ عَلَى الْكَافِرِينَ، وَعَبَدْتَ اللّٰهَ مُخْلِصاً حَتَّىٰ أَتيٰكَ الْيَقِينُ،

اور جو حق آپ کے ذمّہ تھا اُسے ادا کردیا ہے۔ آپ نے مومنین پر مہربانی اور کافروں پر سختی کی اور خلوص کے ساتھ اللہ کی عبادت کی

3

فَبَلَغَ اللّٰهُ بِكَ أَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِينَ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اسْتَنْقَذَنا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَالضَّلالِ؛

پروردگار آپ کو مکرّمین کی بلندترین منزل پر پہنچائے۔ شکر ہے اس خدا کا جس نے ہم کو آپ کے ذریعہ شرک اور ضلالت سے نکال لیا ہے۔

4

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ، وَاجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَصَلَوَاتِ مَلائِكَتِكَ، وَأَنْبِيائِكَ وَالْمُرْسَلِينَ وَعِبَادِكَ الصَّالِحِينَ،

خدایا محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اپنی، اپنے ملائکہ، انبیاء و مرسلین و عبادِ صالحین،

5

وَأَهْلِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرَضِينَ، وَمَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ، عَلَىٰ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ،

تمام اہلِ سماوات و ارض اور تمام اوّلین و آخرین کے تسبیح گذاروں کی صلوات کو حضرت محمدؐ پر قرار دے جو تیرے بندے، تیرے رسولؐ

6

وَنَبِيِّكَ وَأَمِينِكَ، وَنَجِيبِكَ وَحَبِيبِكَ، وَصَفِيِّكَ وَصِفْوَتِكَ، وَخَاصَّتِكَ وَخَالِصَتِكَ، وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ، وَأَعْطِهِ الْفَضْلَ وَالْفَضِيلَةَ وَالْوَسِيلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيعَةَ، وَابْعَثْهُ مَقاماً مَحْمُوداً يَغْبِطُهُ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ.

نبی، امین، تیرے نجیب، تیرے حبیب منتخب، پسندیدہ، مخلص اور خالص بندے ہیں جن کو تو نے منتخب کیا ہے اور انھیں فضل، فضیلت ، وسیلہ اور بلند ترین درجہ عنایت فرمایا ہے۔ انھیں اس مقامِ محمود تک پہنچا دے جس پر اوّلین و آخرین غبطہ کریں۔

7

اللّٰهُمَّ إِنَّكَ قُلْتَ: ﴿ وَ لَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوا أَنْفُسَهُمْ جٰاؤُكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوّٰاباً رَحِيماً ﴾،

خدایا تو نے فرمایا ہے کہ اگر لوگ اپنے نفس پر ظلم کرنے کے بعد پیغمبرؐ کے پاس آجائیں اور پیغمبرؐ بھی ان کے حق میں استغفار کردے تو یقیناً اللہ کو توبہ قبول کرنے والا اور مہربان پائیں گے۔

8

إِلٰهِی فَقَدْ أَتَيْتُ نَبِيَّكَ مُسْتَغْفِراً تَائِباً مِنْ ذُنُوبِی، فَصَلِّ عَلىٰ مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ وَاغْفِرْها لِی، يَاسَيِّدَنا أَتَوَجَّهُ بِكَ وَبِأَهْلِ بَيْتِكَ إِلَى اللّٰهِ تَعَالىٰ رَبِّكَ وَرَبِّی لِيَغْفِرَ لِی.

خدایا میں تیرے نبیؐ کی بارگاہ میں آگیا ہوں استغفار کرتے ہوئے اور گناہوں سے توبہ کرتے ہوئے لہٰذا محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میرے گناہوں کو معاف کردے۔ اے میرے سردار میں آپ کے اور آپ کے اہل بیتؑ کے ذریعہ خدا کی طرف متوجہ ہوں جو میرا اور آپ کا دونوں کا رب ہے کہ وہ میرے گناہوں کو معاف کردے۔

9

{ إِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ }

ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی بارگاہ میں پلٹ کر جانے والے ہیں۔

10

أُصِبْنا بِكَ يَا حَبِيبَ قُلُوبِنا، فَمَا أَعْظَمَ الْمُصِيبَةَ بِكَ حَيْثُ انْقَطَعَ عَنَّا الْوَحْىُ، وَحَيْثُ فَقَدْنَاكَ، فَإِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ راجِعُونَ.

اے حبیب قلوب ہم آپ کے غم میں سوگوار ہیں اور یہ بہت بڑی مصیبت ہے کہ وحی کا سلسلہ منقطع ہوگیا ہے اور ہم نے آپ کو کھودیا ہے۔ ہم سب اللہ کے لیے ہیں اور اسی کی بارگاہ میں پلٹ کر جانے والے ہیں۔

11

يَا سَيِّدَنا يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَعَلَىٰ آلِ بَيْتِكَ الطَّاهِرِينَ، هٰذَا يَوْمُ السَّبْتِ وَهُوَ يَوْمُكَ، وَأَنَا فِيهِ ضَيْفُكَ وَجَارُكَ، فَأَضِفْنِى وَأَجِرْنِى، فَإِنَّكَ كَرِيمٌ تُحِبُّ الضِّيَافَةَ،

اے میرے سردار، اے خدا کے رسولؐ یہ دن آپ کا ہے اور اس دن میں میں آپ کا مہمان ہوں اور پھر آپ کی پناہ میں ہوں لہٰذا آپ میری ضیافت فرمائیں اور مجھے پناہ دیں کہ آپ کریم ہیں اور ضیافت کو پسند کرتے ہیں

12

وَمَأْمُورٌ بِالْإِجارَةِ، فَأَضِفْنِى وَأَحْسِنْ ضِيَافَتِى، وَأَجِرْنا وَأَحْسِنْ إِجَارَتَنا، بِمَنْزِلَةِ اللّٰهِ عِنْدَكَ وَعِنْدَ آلِ بَيْتِكَ،

اور پناہ دینے پر مامور ہیں میری ضیافت فرمائیں اور بہترین ضیافت فرمائیں اور مجھے پناہ دیں اور بہترین پناہ دیں۔ آپ کو اس منزلت کا واسطہ جو اللہ کی آپ کے اور آپ کے اہل بیتؑ کے نزدیک ہے

13

وَبِمَنْزِلَتِهِمْ عِنْدَهُ، وَبِمَا اسْتَوْدَعَكُمْ مِنْ عِلْمِهِ فَإِنَّهُ أَكْرَمُ الْأَكْرَمِينَ.

اور آپ سب کی اللہ کے نزدیک ہے اور اس علم کا واسطہ جو مالک نے آپ کو عنایت کیا ہے کہ وہ بہترین کرم کرنے والا ہے۔

Recitation text courtesy Mafatih al-Jinan (erfan.ir, Ansarian).

alzair.app — ziyarat guides, shrine recitations with audio, and group tours.

اس متن کو آف لائن پڑھنے کے لیے الزائر ایپ حاصل کریں۔